پریس ریلیز

صحت کا شعبہ حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہے، مریضوں کے مسائل حل کرینگے: علی جان

سیکرٹری صحت کا لاہور جنرل ہسپتال اور نیوروانسٹی ٹیوٹ کا دورہ، پرنسپل وای ڈی کی بریفنگ

گزشتہ مالی سال کے دوران پونے 22لاکھ مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کی گئیں: پروفیسر الفرید ظفر

لاہور 27 جولائی:......سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن علی جان خان نے کہا ہے کہ صحت کا شعبہ حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہے، صوبے میں علاج معالجے کی سہولیات کو مثالی بنانے کے لئے ہم سب کوشاں ہیں تاکہ عوام کو عالمی معیار کی طبی سہولیات باآسانی میسر آسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور جنرل ہسپتال اور پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز کے دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سیکرٹری صحت نے ایمرجنسی، آوٹ ڈور، ریڈیالوجی، فزیوتھراپی، ٹیلی میڈیسن سمیت دیگر شعبوں میں مریضوں کو فراہم کردہ طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر نے پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ، امیر الدین میڈیکل کالج، ایل جی ایچ جبکہ ایگزیکٹوڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود نے سیکرٹری صحت کو انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز کی کارکردگی کے حوالے سے بریف کیا۔ مختلف شعبوں کے پروفیسر صاحبان، ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم و انتظامی ڈاکٹرز بھی موجود تھے۔

سیکرٹری صحت علی جان خان نے جنرل ہسپتال ایوننگ آوٹ ڈور شفٹ میں مریضوں کو بہترین علاج معالجے کی فراہمی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے لوگ جو صبح کے اوقات میں اپنے طبی معائنے کیلئے ہسپتال نہیں آسکتے ان کے لئے ایوننگ آوٹ ڈور شفٹ کسی نعمت سے کم نہیں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے سیکرٹری صحت کو بتایا کہ گزشتہ مالی سال کے دوران پونے 22 لاکھ مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کی گئیں جبکہ کورونا کے دوران لاکھوں مفت ٹیسٹ کیے گئے اور ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکس نے فرنٹ فٹ پر رہ کر اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر علاج معالجہ کیا۔ سیکرٹری علی جان خان نے نیوروانسٹی ٹیوٹ ایمرجنسی کو دیگر ہسپتالوں کے لئے رول ماڈل قرار دیتے ہوئے کہا کہ "پنز "ایمرجنسی بہترین انتظامات کی بدولت برین ٹیومر، دماغی امراض اور ہیڈ انجری کے مریضوں کی جان بچانے اور صحت یابی کے لئے یہ شعبہ انتہائی جاں فشانی کے ساتھ کام کر رہا ہے۔ سیکرٹری صحت نے دونوں اداروں کے سربراہوں کو یقین دلایا کہ پی جی ایم آئی، ایل جی ایچ، اے ایم سی اور پنز کو جو مسائل درپیش ہیں انہیں ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

☆☆☆

سیکرٹری ہیلتھ علی جان کو لاہور جنرل ہسپتال کے دورے کے موقع پر پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر

بریفنگ دے رہے ہیں، ای ڈی پنز پروفیسر خالد محمود بھی موجود ہیں